انوار الآثار المختصة بفضل الصلاۃ

علی النبی المختار محمد بن عبد اللہ

بن عبد المطلب ﷺ

تالیف۔ الامام حافظ ابی العباس احمد بن معد بن عیسی بن

وکیل الاقلیشی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ۔ اردو

برکات درود وسلام

علامہ پیر احمد محمد شاہ

تخریج خادم مسلک اہل سنت محمد افضال حسین نقشبندی

برکاتِ درود وسلام

ترجمہ

انوار الآثار المختصة

بفضل الصلاة على النبی المختار محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مصنف

حافظ ابی العباس احمد بن معد بن عیسیٰ بن وکیل الاقلیشی
(المتوفی 550ھ)

مترجم

صاحبزادہ علامہ پیر سید احمد محمد شاہ صاحب (چورہ شریف)
(ایم۔اے اسلامیات، ایم۔اے عربی، فاضل علوم اسلامیہ)

تخریج

خادم مسلک اہلسنت محمد افضال حسین نقشبندی (سانگلہ ہل)

فہرست

باب 1: ویخص یوم الجمعة منها بمزید اذکار

"اور جمعہ کے دن کو اذکار میں اسے خاص کر لے"

باب 2: فاکثروا من الصلاۃ علی نبیکم صلی اللہ علیه وسلم فی ھذا الیوم العظیم، وفی غیرہ فان لك فی ذالك اختصاصا ببرکته وخیرہ، وانت اولی الناس بہ یوم القیامة واقربھم منه فی دار المقامة

"پس اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس عظمت والے دن میں بالخصوص اور دوسرے دنوں میں بالعموم کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ اس میں تمہارے لیے خاص برکتیں اور بھلائیاں ہیں اور تم قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ ان کے محبوب ہو جاؤ گے اور جنت میں دوسرے لوگوں سے بڑھ کر ان کے قریب ہو جاؤ گے۔"

باب 3: ومھما صلیت علی نبیك، فاکثر علیه من الصلاۃ فانھا وسیلة لنیل النجاد، وذریعة لانفس الصلات، ولك بکل صلاۃ صلیتھا عشر صلوات یصلیھا جبار الارض والسماوات، مع حط سیئات، ورفع درجات، وصلاۃ ملائکته الکرام علیك فی ذلك المقام۔

"اور جب بھی تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے تو کثرت کے ساتھ بھیج

کیونکہ یہی منزل مقصود پر پہنچنے کا وسیلہ ہے، اور تمام اجر پانے کا ذریعہ ہے، اور تیرے ہر بھیجے ہوئے درود پر تیرے لیے زمین و آسمان کے جبار کی طرف سے دس رحمتیں ہیں جس کے ساتھ دس گناہ معاف اور دس درجے بلند ہوتے ہیں، اور اسی مقام پر تجھ پر اللہ تعالی کے معزز فرشتوں کی طرف سے بھی درود بھیجا جاتا ہے۔"

باب 4: واذا صلت علی نبیك علیه السلام، فاضف للصلاة علیه: السلام، فان لله ملائكة یبلغونه من امته، فیرد علیك سلامك الذی سلمت علیه اعلی وارفع قدرا، ویسلم علیك ربك بكل تسلیمة سلمت علیه عشرا۔

"اور جب تو اپنے نبی علیہ السلام پر درود بھیجے تو ان پر درورد کے ساتھ سلام کا اضافہ بھی کر کیونکہ اللہ تعالی کے کچھ فرشتے ان کی امت کے سلام کو ان تک پہنچاتے ہیں۔ چنانچہ وہ تجھ پر تیرے بھیجے ہوئے سلام کا

باب 9: ولتكن الصلاة على نبيك صلى الله عليه وسلم

ذا احسان ولتصل عليه بالجنان واللسان فان صلاتك تبلغه

وهو فى ضريحه، واسمك معروض على روحه صلى الله عليه وسلم۔

''اور درود کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خوب حسین طریقے سے بھیجنا چاہیے اور تجھے چاہیے کہ تو ان پر دل اور زبان کے ساتھ درود بھیجے کیونکہ تیرا درود ان کے پاس پہنچتا ہے حالانکہ آپ اپنی قبر انور میں جلوہ افروز ہیں تیرا نام بھی آپ کی روح پر فتوح کی بارگاہ میں پیش ہوتا ہے۔''

باب 10: ولتسلم على نبيك عليه السلام مهما

دخلت المسجد و خرجت منه فانه فى هذا المقام من افضل الكلام۔

''اور جب بھی تو مسجد میں داخل ہو یا مسجد سے نکلے تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیج کیونکہ یہ مقام افضل کلام کا ہے۔''

باب 11: فلتكن مثابرا على الصلاة على نبيك

صلى الله عليه وسلم فبذلك تطهر من غيك، ويتزكى ظاهرك

ويسر قلبك، وينور، وتنال مرضاة ربك، وتامن الاهوال

يوم المخاوف والاوجال صلى الله عليه وسلم۔

''پس تم اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمیشہ درود پڑھتے رہو، اسی سے تم اپنی گمراہیوں سے پاک ہو گے، اور اسی سے تمہارا ظاہر درست ہوگا، اور اسی سے تمہارے دل کا نور ضیاء بار ہوگا اور اسی سے تم اپنے رب کی رضامندی حاصل کر سکو گے، اسی سے خوف وہراس کے دن

(قیامت) کی دہشت سے مامون (محفوظ) ہوں گے۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔"

باب 12: و کما تصلی علی نبیک علیه السلام بلسانك،

فکذلك تخطر الصلاة علیه ببنانك، مهما کتبت اسمه

المبارك فی کتاب فان لك بذلك اعظم الثواب.

"جس طرح تو نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی زبان کے ساتھ

درود بھیجا ہے اسی طرح درود تیری انگلیوں پر بھی جاری رہنا چاہیے اور

جب بھی تو ان کا مبارک نام کسی کتاب میں لکھنے لگے (تو بھی ان پر

درود لکھتا رہ) کیونکہ اس میں تیرے لیے بہت بڑا ثواب ہے۔"

باب 13: فلا تکونن عن الصلاة علی نبیك صلی الله علیه

وسلم غافلا، فیکون نور الخیر عنك غافلا، و تکون من ابخل

البخلاء، والمتخلقین باخلاق اهل الجفاء، والمنقلبین

بقلوب غیر مطمئنة، والمنکبین عن طریق الجنة.

"تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے ہرگز بھی غافل نہ ہو ورنہ

بھلائی کا نور تجھ سے منہ موڑ لے گا اور تو سب سے بڑا کنجوس قرار پائے گا اور

بے وفاؤں کے اخلاق سے متخلق قرار پائے گا نیز غیر مطمئن دلوں سے

پھرنے والوں اور جنت کے راستے سے بھٹکنے والوں میں سے ہو جائے گا۔"

❖❖❖❖❖

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت، شہرت، عظمت اور ناموری کے لیے گونا گوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان و سکون نہیں پاتا، آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔

کے دلوں کا اطمینان و سکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت، نوافل، خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال و اعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے، البتہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی، تقریری، تالیفی و تصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی و محافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو، بہر حال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی و مصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نشری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی، صحیح ابن حبان، صحیح ابن خزیمہ، مسند حمیدی، المعجم الاوسط، شرح المعجم الصغیر للطبرانی، الشریعۃ، جامع المسانید جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھر کم کتب کے تراجم کرائے جا رہے ہیں جو انشاء اللہ جلد شائع کیے جائیں گے۔

پھر مزید برآں ہمارے ادارے کی مطبوعات میں مولانا محمد سعید نقشبندی رحمہ

اللہ (سابق خطیب داتا صاحب) کے قلم سے کیمیائے سعادت، منہاج العابدین اور مکتوباتِ امام ربانی کے تراجم بھی شامل ہیں، پروفیسر محمد اقبال مجددی کے قلم سے تذکرہ علماء و مشائخ پاکستان و ہند، مقاماتِ مظہری اور حدیقۃ الاولیاء شامل ہیں اور مولانا محمد صدیق ہزاروی کا ترجمہ احیاء العلوم (غزالی) بھی شامل ہے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ''انوار الآثار المختصۃ بفضل الصلاۃ علی النبی المختار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبد اللہ بن عبد المطلب'' کا ترجمہ بنام ''برکات درود و سلام'' پیش کر رہے ہیں جس کے مصنف حافظ ابی العباس احمد بن معد بن عیسیٰ بن وکیل الاقلیشی رحمہ اللہ ہیں۔ جس کا اُردو ترجمہ صاحبزادہ علامہ پیر سید احمد محمد شاہ صاحب (چورہ شریف) نے کیا ہے اور اس میں موجود احادیث کی تخریج خادم مسلک اہلسنت محمد افضال حسین نقشبندی (سانگلہ ہل) نے انجام دی ہے۔

ترجمہ پڑھ کر آپ کے دلوں میں عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مزید موجزن ہوگا۔

ہم اسے نہایت عقیدت و محبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔ ادارہ نے اس کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی ہے لیکن اگر پھر بھی کوئی غلطی قارئین کی نظر سے گزرتی ہے تو ادارہ کو مطلع فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس غلطی کو درست کیا جا سکے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

❖❖❖❖❖

حالات مصنف
الحافظ ابی العباس احمد بن عیسی بن معد الاقلیشی الاندلسی رحمہ اللہ (المتوفی 550ھ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام ونسب:

آپ رحمہ اللہ کی کنیت ''ابو العباس'' اور نام احمد بن معد بن عیسی بن وکیل الزاھد التجیبی ہے۔(المتوفی 550ھ)۔آپ الاقلیشی کے نام سے معروف ہیں۔

-البلنسی:التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دارالفکر للطباعة بیروت) (الدمشقی: معجم المولفین، جلد2 صفحہ181 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت) (الزرکلی:الاعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحہ9 25 مطبوعہ دارالعلم للملایین، بیروت)

ولادت، خاندان اور وطن:

ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) لکھتے ہیں:

اصل ابیہ من اقلیش.

''آپ کے والد کا تعلق اقلیش سے ہے۔''

(البلنسی:التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دارالفکر للطباعة بیروت)

عمر بن رضا بن محمد راغب بن عبدالغنی کحالة الدمشقی (المتوفی 1408ھ) لکھتے ہیں کہ:

ولد باقلیش احدی مدن الاندلس ونشا بھا.

''آپ اقلیش میں پیدا ہوئے جو اندلس کے شہروں میں سے ایک شہر تھا اور وہیں پر پرورش پائی۔''

(الدمشقی: معجم المولفین، جلد2 صفحہ181 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت) (الزرکلی:

الاعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحہ9 25 مطبوعہ دار العلم للملایین، بیروت)

زرکلی کہتے ہیں کہ آپ نے پرورش دانیہ کے مقام پر پائی، پھر بھی ان دونوں اقوال میں تضاد نہیں آپ نے کچھ پرورش اقلیش میں اور باقی دانیہ میں پائی ہوگی۔

تحصیلِ علوم:

حافظ ذہبی و دیگر نے لکھا ہے کہ آپ نے اپنے والد سے بھی سماع کیا۔

(الذہبی: سیر اعلام النبلاء، رقم الترجمة9 04 5 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ 3 13 مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ) (البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

آپ اپنے والد کے علاوہ ابو العباس بن عیسی کی شاگردی میں بھی رہے۔

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت

علم کی تلاش و جستجو میں آپ نے مختلف سفر فرمائے جو کہ آپ کی تحصیل علوم کی تڑپ کو واضح کرتے ہیں۔

ابن الآبار محمد بن عبد اللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی المتوفی 685ھ لکھتے ہیں:

ورحل الی بلنسیة فاخذ العربیة والآداب عن ابی محمد البطلیوسی.

''اور بلنسیہ کی جانب سفر کیا جہاں سے آپ نے ابو محمد بطلیوسی سے عربی اور ادب کے علوم سیکھے۔''

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت

حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

وبمکة من: ابی الفتح الکروخی، وبالثغر من: السلفی.

''اور ''مکہ مکرمہ'' میں ابی الفتح الکروخی اور ''ثغر'' میں سلفی سے سماع کیا۔''

(الذہبی: سیر اعلام النبلاء رقم الترجمة9 04 5 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ134 مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ

اس کے علاوہ آپ نے ''مریہ'' کا سفر کیا وہاں سے روایات حاصل کیں:

ولقی بالمریة ابا القاسم بن ورد و ابا محمد عبد الحق بن عطیة و ابا

العباس بن العریف وروی عنھم۔

”اورمریہ کے مقام پر ابو القاسم بن ورد، ابو محمد عبدالحق بن عطیہ اور ابو العباس بن عریف سے ملاقات کی اوران سے روایت لی۔“

(البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ جلد1 صفحہ16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) مزید لکھتے ہیں:

وسمع الحدیث من صھرہ ابی الحسن طارق بن یعیش و ابی بکر بن العربی و ابی محمد القلنی و عباد بن سرحان و ابی الولید بن یعیش و ابی الولید بن دباغ و ابی الولید بن خیرہ۔

”اور آپ نے ابو الحسن طارق بن یعیش، ابو بکر بن العربی، ابو محمد القلنی، عباد بن سرحان، ابو الولید بن یعیش، ابو الولید بن دباغ اور ابو الولید بن خیرہ سے حدیث شریف کا سماع کیا۔“

(البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ، جلد1 صفحہ16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

شیوخ:

آپ کے شیوخ واساتذہ کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں:

① ابو القاسم عبیداللہ بن محمد بن حبابہ۔

② احمد بن طاہر بن علی بن عیسی ابو العباس انصاری الخزرجی العبادی۔

③ محمد بن حسن بن محمد بن سعید ابو عبداللہ دانی المعروف ابن الفرس۔

④ ابو الحسن طارق بن یعیش۔

⑤ ابو الولید بن دباغ۔

⑥ ابی الفتح الکروخی۔

⑦ ابی محمد البطلیوسی۔

⑧ ابی بکر بن العربی۔

⑨ ابی محمد القلنی۔

⑩ عباد بن سرحان۔

⑪ ابی الولید خیرہ۔

⑫ ابوالولید بن یعیش۔ ⑬ ابی العباس عریف۔

⑭ ابی محمد عبدالحق بن عطیہ (رحمہم اللہ)

جیسے علماء اور محدثین سے روایت کی ہے اور اس کے علاوہ بھی کئی حضرات سے آپ نے حدیث کا سماع کیا ہے۔

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت) (الذهبی: سیر اعلام النبلاء، رقم الترجمة049 5 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ133-134 مطبوعہ دار الحدیث قاهرہ)

تلامذہ:

آپ کے چند مشہور تلامذہ کے اسماء یہ ہیں:

① ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن احمد بن جزی اندلسی البلنسی۔

② عمر بن عبدالمجید بن عمر بن حسین ابو حفص القرشی العبدری المیانشی۔

③ حاتم بن سنان بن بشر ابوالجود المقری۔

④ یحییٰ بن علی بن عبدالرحمن التنیسی المالکی المصری۔

⑤ ابوبکر احمد بن عبدالرحمن بن احمد بن جزی اندلسی البلنسی۔

اور بہت سے علماء آپ سے روایت کرتے ہیں۔

ثقاہت:

ابو عبداللہ محمد بن فتوح الحمید المیورقی (المتوفی 488ھ) اور ابو جعفر احمد بن یحیی بن احمد بن عمیرة الضبی (المتوفی 599ھ) دونوں نے آپ کے متعلق لکھا ہے:

وھو ثقة فاضل۔

"آپ ثقہ اور فاضل ہیں۔"

(المیورقی: جذوة المقتبس فی ذکر ولاة الاندلس، صفحہ142 مطبوعہ الدار المصریة للتالیف والنشر قاهرہ) (الضبی: بغیة الملتمس فی تاریخ رجال اهل الاندلس، رقم الترجمة: 460 صفحہ201 مطبوعہ دار الکاتب العربی القاهرہ)

مقام ومرتبہ:

حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

العلامة، ابو العباس، احمد بن معد بن عيسى بن وكيل التجيبي، الاقليشي، الدانی۔علامه، ابو العباس، احمد بن معد بن عيسى بن وكيل، التجيبي الاقليشي الدانی۔

(الذهبی: سير اعلام النبلاء، رقم الترجمة 5049 الاقليشی، جلد 15 صفحه 133 مطبوعه دار الحديث قاهره)

زرکلی نے لکھا ہے:

احمد بن معد بن عيسى بن وكيل التجيبي، ابو العباس ابن الاقليشی، عالم بالحديث۔

''احمد بن معد بن عیسی بن وکیل التجیبی، ابو العباس ابن الاقلیشی حدیث کے (بڑے) عالم تھے۔''

(الزركلی: اعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحه 259 مطبوعه دار العلم للملايين، بيروت)

عمر بن رضا بن محمد راغب بن عبد الغنی کحالۃ الدمشقی (المتوفی 1408ھ) نے لکھا ہے:

عالم مشارك فی انواع من العلوم كالحديث، واللغة والادب۔

''آپ بیک وقت مختلف قسم کے علوم میں جیسا کہ حدیث، لغت اور ادب وغیرہ میں ماہر تھے۔''

(الدمشقی: معجم المولفين، جلد2 صفحه181 مطبوعه دار احياء التراث العربی بيروت)

ابن الآبار محمد بن عبد اللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) لکھتے ہیں:

وكان عالما عاملا۔

''اور آپ عالم باعمل تھے۔''

(البلنسی: التكملة لكتاب الصلة، جلد1 صفحه 16 مطبوعه دار الفكر للطباعة بيروت)

حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

"آپ کئی فضائل کے حامل اور لغت میں کافی دسترس رکھتے تھے۔"

(الذهبی: سیر اعلام النبلاء، رقم الترجمة 5049 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ 134 مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ)

صلاح الدین خلیل بن ایبک بن عبداللہ الصفدی (المتوفی 764ھ) لکھتے ہیں:

كان عارفا باللغة العربية والحديث وله شعر۔

"آپ عربی زبان اور حدیث کے ماہر تھے اور آپ کے کچھ اشعار بھی ہیں۔"

(الصفدی: الوافی بالوفیات، جلد 8 صفحہ 119 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

شہاب الدین ابوعبداللہ یاقوت بن عبداللہ رومی حموی (المتوفی 626ھ) نے ابو طاہر احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن ابراہیم السّلفی الاصبہانی الجروانی کے قول کو یوں نقل کیا ہے:

كان من اهل المعرفة باللغات، والانحاء، والعلوم الشرعية۔

"آپ لغات اور نحو اور علوم شرعیہ کے خوب جاننے والوں میں شمار ہوتے تھے۔"

(الحموی: معجم البلدان، جلد 1 صفحہ 237 مطبوعہ دار صادر بیروت، لبنان)

ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) لکھتے ہیں کہ:

وحدث بالاندلس والمشرق۔

"اور آپ نے اندلس اور مشرق میں حدیث بیان کی۔"

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد 1 صفحہ 161 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

شعر و سخن:

آپ کو شعر و سخن سے بھی دلچسپی تھی اور خود مشق سخن بھی کرتے تھے۔ جس کا ذکر حافظ ذہبی نے سیر اعلام النبلاء (جلد 15 صفحہ 134) عمر بن رضا بن محمد راغب بن عبدالغنی کحالة الدمشقی (المتوفی 1408ھ) نے معجم المولفین (جلد 2 صفحہ 181) اور ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) نے التکملة لکتاب الصلة (جلد 1 صفحہ 161) میں کیا ہے۔

چند اشعار بطور نمونہ پیش خدمت ہیں:

اسیر الخطایا عند بابك واقف
له عن طريق الحق قلب مخالف
قديما عصى عمدا و جهلا وغرة
ولم ينهه قلب من الله خائف
تزيد سنوه وهو يزداد ضلة
فها هو في ليل الضلالة عاكف
تطلع صبح الشيب والقلب مظلم
فما طاف فيه من سنا الحق طائف
ثلاثون عاما قد تولت كانها
حلوم تقضت او بروق خواطف

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، باب 1 صفحہ 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

علم فقہ کا حصول:

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ:

وتفقه: بابي العباس بن عيسى۔

''اور آپ نے ابو العباس بن عیسی سے فقہ حاصل کی ہے۔''

(الذہبی: سیر اعلام النبلاء، رقم الترجمۃ 5049 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ 133 مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ)

تصانیف:

حافظ ذہبی نے آپ کی تصانیف کے متعلق یوں لکھا ہے:

وله تصانيف ممتعة۔

''اور آپ کی مفید تصانیف بھی ہیں۔''

(الذہبی: سیر اعلام النبلاء، رقم الترجمۃ 5049 الاقلیشی، جلد 15 صفحہ 134 مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ)

ابن الآبار محمد بن عبد اللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) آپ کی

تصانیف کے متعلق یوں کہتے ہیں:

ولہ تصانیف کثیرۃ مفیدۃ۔

"اور آپ کی کثیر مفید تصانیف ہیں۔"

(البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

آپ کی کتب کے اسماء درج ذیل ہیں:

① **النجم من کلام سید العرب والعجم۔**

② **الغرر من کلام سید البشر۔**

③ **ضیاء الاولیاء۔**

آپ کی یہ کتابیں کئی اجزاء پر مشتمل ہیں:

④ **الدر المنظوم فیما یزیل الفحوم والھموم**

⑤ **شفاء الظمان فی فضل القرآن۔**

⑥ **الکوکب الداری۔**

آپ کی یہ کتاب حدیث کے موضوع پر ہیں:

⑦ **تفسیر العلوم والمعانی۔**

آپ نے اس کتاب میں سورۃ فاتحہ کی تفسیر لکھی ہے:

⑧ **انوار الآثار المختصۃ بفضل الصلاۃ علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم۔**

⑨ **الحقائق الواضحات فی شرح الباقیات الصالحات۔**

زرکلی نے آپ کی اس کتاب کے متعلق لکھا ہے کہ:

الحقائق الواضحات مغربی خط میں عمدہ جلد میں ہے۔ اس کے مقدمہ میں انہوں نے خود لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب کا نام "**الحقائق الواضحات**" رکھا ہے۔ یہ ان باقیات اور نیک باتوں کی شرح میں ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے ذکر مجمل اور

مفصل فرمایا ہے اور نبی کریم ﷺ نے جن کی فضیلتوں کا ذکر فرمایا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ صاحب کشف الظنون نے اس کتاب کو نہیں دیکھا پھر ظاہر ہے کہ انہوں نے صرف اس کا نام پڑھا ہے اور گمان کرلیا کہ ان کی ایک کتاب ہے جس کا نام "الباقیات الصالحات" ہے جس کا ذکر انہوں (کشف الظنون) صفحہ 285 پر کیا ہے۔ اور کہا ہے اس کتاب کی شرح ابو العباس اقلیشی نے کی حالانکہ یہ ان کا وہم ہے۔

(الزرکلی: الاعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحہ9 25 مطبوعہ دار العلم للملایین، بیروت) (الدمشقی: معجم المولفین، جلد2 صفحہ 181 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت) (البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

مالکی المشرب ہونا:

عمر بن رضا بن محمد راغب بن عبد الغنی کحالۃ دمشقی (المتوفی 1408ھ) لکھتے ہیں کہ:

احمد بن معد بن عیسی بن وکیل التجیبی ثم الوافی، المالکی المعروف بالاقلیشی۔

(الدمشقی: معجم المولفین، جلد2 صفحہ181 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)

زہد و تقویٰ:

آپ گوناگوں علمی کمالات کے ساتھ ہی نہایت متدین اور بڑے عبادت گزار بھی تھے۔

ابن الآبار محمد بن عبد اللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) لکھتے ہیں:

وکان عالما عاملا ...الزاهد والعزوف عن الدنیا واهلها والاقبال علی العلم والعبادة۔

"اور آپ بڑے عالم باعمل...... زاہد، متقی اور دنیا سے بے رغبت تھے اور علم اور عبادت کی طرف جھکنے والے تھے۔"

(البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

ابو عمر بن عات نے اقلیشی کا تذکرہ کیا اور ان کی ثنا بیان کی اور فرمایا کہ مجھے اقلیشی کے بارے میں وزیر فقیہ ابو بکر بن سفیان نے خبر دی ہے کہ:

وکان یصف لی عملہ وامامتہ وورعہ وزھدہ۔

''مجھے ان کی علمی قابلیت، امامت، ورع اور زہد و تقویٰ بیان کیا کرتے تھے۔''

(البلنسیی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ 161 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

قراءت قرآن اور گریہ وزاری:

ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) لکھتے ہیں:

انہ کان یضع یدہ علی وجھہ اذا قرا القاری فیبکی حتی یعجب الناس من بکائہ۔

''جب قاری قرآن قراءت کرتا تو آپ اپنا ہاتھ اپنے چہرے پر رکھ لیتے اور اتنی گریہ وزاری کرتے کہ لوگوں کو آپ کی گریہ وزاری پر تعجب ہوتا۔''

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ 162 مطبوعہ دار الفکر للطباعة بیروت)

فریضہ حج کی ادائیگی:

آپ نے 542ھ کو فریضہ حج ادا فرمایا جیسا کہ ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی (المتوفی 685ھ) نے لکھا ہے:

ورحل الی المشرق سنة اثنتین واربعین و خمسمائة فادی الفریضة۔

''اور آپ نے 542ھ کو مشرق کی جانب سفر کیا اور فریضہ حج ادا کیا۔''

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ 162 مطبوعہ دار الفکر للطباعة بیروت)

صوفی المشرب ہونا:

آپ کے صوفی المشرب ہونے کو ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی نے یوں بیان کیا ہے:

وکان عالما عاملا متصوفا۔

"اور آپ عالم باعمل اور صوفی المشرب تھے۔"

(البلنسی: التکملة للکتاب الصلة، جلد1 صفحہ2 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

قیام مکہ مکرمہ:

زرکلی نے کہا ہے کہ:

ورحل الی المشرق فجاور بمکة سنین۔

"اور آپ مشرق کی طرف چلے گئے اور مکہ مکرمہ میں چند سال مقیم رہے۔"

(الزکلی: الاعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحہ9 25 مطبوعہ دار العلم للملایین بیروت) (التکملة للکتب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة بیروت)

سماع جامع ترمذی:

آپ نے اسی قیام مکہ مکرمہ کے دوران شیخ ابی الفتح الکروخی رحمۃ اللہ سے جامع ترمذی کا سماع کیا جس کا ذکر ابن الآبار محمد بن عبداللہ بن ابی بکر القضاعی البلنسی نے یوں کیا ہے:

وسمع بها من ابی الفتح الکروخی جامع الترمذی۔

"اور آپ نے ابوالفتح الکروخی سے جامع ترمذی کا سماع کیا۔"

(البلنسی: التکملة لکتاب الصلة، جلد1 صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعة، بیروت)

شغفِ کتب:

آپ کی کتب سے محبت، لگاؤ اور گہری وابستگی کو ابواحمد بن سفیان نے یوں بیان کیا ہے:

کانوا یدخلون علیه بیته والکتب عن یمینه وشماله۔

"بے شک وہ (ابوالربیع بن سالم، المطرف بن جزی اور ابوالحسن بن فزارہ) سب اقلیشی کے پاس ان کے گھر جایا کرتے تھے اور کتابیں ان

کے دائیں اور بائیں ہوتی تھیں۔"

(البلنسی: التکملۃ لکتب الصلۃ، جلد1 صفحہ2 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ بیروت)

وصال با کمال:

قیام مکہ مکرمہ کے بعد آپ نے پھر واپسی کا رخ کیا۔ راستے میں مصر کی سرحد کے قریب ''قوص'' کے مقام پر آپ نے وصال فرمایا جیسا کہ عمر بن رضا بن محمد راغب بن عبدالغنی کحالۃ الدمشقی (المتوفی 1408ھ) اور زرکلی نے لکھا ہے:

ورحل الی المشرق، فجاور بمکۃ سنین، وعاد یرید المغرب، فتوفی بقوص من صعید مصر۔

''اور آپ مشرق کی طرف چلے گئے اور مکہ مکرمہ میں چند سال مقیم رہے، اور پھر مغرب کی جانب لوٹنے کا ارادہ کیا اور مصر کی سرحد کے قریب قوص کے مقام پر وصال فرمایا۔''

-الزرکلی: الاعلام قاموس تراجم، جلد1 صفحہ9 25 مطبوعہ دار العلم للملایین، بیروت۔ (الدمشقی: معجم المولفین، جلد 2 صفحہ 1 8 1 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت) (البلنسی: التکملۃ لکتاب الصلۃ، جلد1، صفحہ1 16 مطبوعہ دار الفکر للطباعۃ، بیروت)

جنت میں مقام و منزلت:

القاضی الشیخ یوسف بن اسماعیل النبھانی رحمہ اللہ (المتوفی 1350ھ) آپ کے متعلق لکھتے ہیں:

یذکر عن ابی العباس الاقلیشی صاحب کتاب النجم انہ رئی فی المنام وکانہ یتبختر فی الجنۃ فقیل لہ بم نلت ھذہ المنزلۃ قال بکثرۃ صلاتی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی کتاب الاربعین المختصۃ بفضل الصلاۃ علیہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی من تصنیفہ۔

''ابو العباس الاقلیشی مصنف کتاب النجم کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ان

کو جنت میں ٹہلتا دیکھا گیا، کہا گیا یہ مرتبہ آپ کو کیسے حاصل ہوا؟ کہا میں نے درود و سلام کی فضیلت پر اربعین المختصة بفضل الصلاة علیه صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نامی جو کتاب لکھی تھی اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت کے ساتھ درود و سلام بھیجا اور لکھا تھا۔"

(النبهانی: سعادة الدارین فی الصلاة علی سید الکونین صلی اللہ علیه وسلم، الباب الرابع: فیما ورد من لطائف المرای و الحکایات فی فضل الصلاة و الصلاة و السلام علیه صلی اللہ علیه وسلم، اللطیفة الحادیة والستون، صفحہ 145 مطبوعہ النوریہ الرضویہ پبلشنگ کمپنی لاهور)

❖❖❖❖❖

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اخبرنا الشیخ الفقیہ الاما م المحدث المقری، ابو القاسم عبدالرحمن بن حسن بن حمزۃ، قال:

اخبرنا الشیخ الفقیہ الاجل الثقۃ الامین ابو عبداللہ محمد بن الشیخ الفقیہ الامام ابی عبداللہ محمد بن محارب القیسی بقراءتی علیہ فی الثالث و العشرین من ذی القعدۃ سنۃ احدی و ثلاثین و ست مئۃ۔

اخبرنا الشیخ الاجل ابو الجود حاتم بن سنان بن بشر بن ابراھیم الحربی الحبلی قراءۃ علیہ و انا اسمع علیہ فی یوم الثلاثاء التاسع من محرم سنۃ تسعین و خمس مئۃ بفسطاط مصر۔

اخبرنا الشیخ الفقیہ الامام العالم ابو العباس احمد بن معد بن عیسی بن و کیل التجیبی الا قلیشی قراءۃ علیہ و انا اسمع فی سنۃ سبع و اربعین و خمس مئۃ، بھا قال:

استخیر اللہ الواحد الملک القھار۔ بعد حمدہ الذی ھو من انفس الاذکار، و صلاتہ علی نبیہ الطاھر المختار، فی جمع اربعین حدیثا من الآثار المختصۃ بفضل الصلاۃ علی نبیہ نور الانوار، لیلبس المصلی علیہ من ضیائھا اصفی شعار، و یلھج بھا لسانہ فی العشی والابکار۔

’’میں اللہ تعالی سے بھلائی کا سوال کرتا ہوں جو واحد بادشاہ قہار ہے۔ اس کی حمد کے بعد جو تمام اذکار کا اہل ہے اور اس کے نبی طاہر مختار پر اس کے درود کے بعد میں اللہ تعالی سے توفیق مانگتا ہوں اس کے پیارے نبی

نورالانوار پر درود پاک پڑھنے کی فضیلت کے خاص ہونے پر چالیس حدیثیں جمع کرنے میں تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پڑھنے والا درود پاک کی تجلیوں سے پاکیزہ نورانی لباس پہن لے اور اپنی زبان کو دن رات اس کا عادی بنالے۔"

❖❖❖❖❖

باب 1: و یخص یوم الجمعة منها بمزید اذکار

''اور جمعہ کے دن کو اذکار میں اسے خاص کرلے''

حدیث نمبر: 1

فقد خرج ابو داود فی کتاب "السنن" عن اوس بن اوس رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

ان من افضل ایامکم یوم الجمعة، فیه خلق آدم، و فیه قبض، و فیه النفخة، و فیه الصعقة، فا کثروا علی من الصلاة فیه، فان صلا تکم معروضة علی۔

قالوا: و کیف تعرض صلا تنا علیك و قد ارمت؟ قال: یقولون: بلیت؟ قال:

فان اللہ تعالی حرم علی الارض [ان تاکل] اجساد الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: ''پس تخریج کی ہے ابو داود نے اپنی کتاب ''السنن'' میں حضرت سیدنا اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک تمہارے تمام دنوں میں سے جمعۃ المبارک کا دن سب سے افضل ہے، اسی میں حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا گیا اور اسی میں ان کی روح مبارک قبض کی گئی، اور اسی میں صور پھونکا جائے گا اور اسی میں سب بے ہوش ہوں گے، پس اس روز مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود پڑھنا مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت بھلا

ہمارا درود پڑھنا کس طرح پیش ہوگا؟ حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسد مبارک پرایک زمانہ گزر چکا ہوگا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”بے شک اللہ تعالی نے زمین پر انبیاء کرام کے جسموں کو کھانا حرام کردیا ہے۔“

(ابی داود، السنن، کتاب الصلاۃ، باب تفریع ابواب الجمعة و فضل یوم الجمعة و لیلة الجمعة، رقم الحدیث7 4 10صفحه 219، کتاب الوتر، باب فی الاستغفار، رقم الحدیث1 3 15 صفحه 13 3 مطبوعه دار السلام للنشر و التوزیع الریاض) (النسائی: السنن، کتاب الصلاۃ (کتاب الجمعة) باب اکثار الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیهو سلم یوم الجمعة، رقم الحدیث 75 13 صفحه 279 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (المنذری: الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر والدعا، باب الترغیب فی اکثار الصلاۃ علی النبی... الخ، جلد2 صفحه29 3 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه) (ابن ماجه: السنن، کتاب الصلاۃ (کتاب اقامة الصلاۃ) باب فی فضل الجمعة، رقم الحدیث: 1084 صفحه118مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (الدارمی: السنن کتاب الصلاۃ، باب فی فضل الجمعة، رقم الحدیث:72 15 صفحه 445 جلد1 مطبوعه قدیمی کتب خانه مقابل آرام باغ کراچی) (ابن حبان: الصحیح، کتاب الرقائق، باب ذکر البیان بان صلاۃ من صلی علی المصطفی صلی اللہ علیه وسلم من امته تعرض علیه فی قبره، رقم الحدیث910 صفحه0 35 مطبوعه دار المعرفة بیروت، لبنان) (الحاکم: المستدرك علی الصحیحین، کتاب الجمعة، رقم الحدیث:7 105 جلد1 صفحه87 3 مطبوعه قدیمی کتب خانه مقابل آرام باغ کراچی) (احمد بن حنبل: المسند، حدیث اوس بن اوس الثقفی، رقم الحدیث:2 16 16 صفحه 1106 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (ابن ابی شیبة: المصنف، کتاب صلاۃ التطوع والامامة، باب فی ثواب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیه وسلم، جلد2 صفحه99 3 -98 3 مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان) (الطبرانی: المعجم الکبیر، باب من اسمه اوس، باب فضل الجمعة، رقم الحدیث:89 5 جلد1 صفحه217- 216 مطبوعه دار احیاء التراث العربی بیروت) (التبریزی: مشکوۃ المصابیح، باب الجمعة، صفحه120 مطبوعه اصح المطابع و کارخانه تجارت کتب بالمقابل آرام باغ کراچی) (البیهقی: السنن الکبری، کتاب الجمعة، باب ما یومر مربه فی لیلة الجمعة و یومها من کثرة الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم، جلد3 صفحه9 24 -8 24 مطبوعه اداره تالیفات اشرفیه ملتان) (السیوطی: الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر، باب حرف الالف، رقم الحدیث 80 24 صفحه 185 مطبوعه دار التوفیقیة للتراث قاهره) (النووی: الاذکار من کلام سید الابرار، کتاب: الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم، باب الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم، رقم الحدیث: 295 صفحه98 مطبوعه المکتبة العصریة صیدا بیروت) (ابن جوزی: الوفا باحوال المصطفی، ابواب مرضه ووفاته صلی اللہ علیه وسلم، الباب السادس والاربعون: فی انه لا یبلی صلی اللہ علیه وسلم، رقم الحدیث2 6 15 صفحه 825 مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، لبنان) (ابن کثیر: تفسیر القرآن العظیم المعروف به تفسیر ابن کثیر، رقم الحدیث17 5 5 جلد5 صفحه 223 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه)

(الجهضمی: فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ، رقم الحدیث 22 صفحہ 35 مطبوعہ المکتب الاسلامی بیروت) (الھیثمی: موارد الظمان الی زوائد ابن حبان، کتاب الصلاۃ، باب ما جاء فی یوم الجمعۃ والصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیہ، رقم الحدیث 550 صفحہ 146 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت) (ابن عساکر: تاریخ دمشق الکبیر، رقم الترجمۃ: 8 103 جلد 9 صفحہ 296 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان) (ابن الجوزی: جامع المسانید، مسند اوس بن اوس، رقم الحدیث: 11 6 جلد 1 صفحہ 289 مطبوعہ مکتبۃ الرشد الریاض) (الھندی: کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، کتاب الاذکار، الباب السادس: فی الصلاۃ علیہ وعلی آلہ علیہ الصلاۃ والسلام ، رقم الحدیث 2199 جلد 1 صفحہ 2 25 مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور) (الخضری: اللفظ المکرم بخصائص النبی المعظم صلی اللہ علیہ وسلم ، النوع الرابع، القسم الثانی، المسالۃ الحادیۃ والاربعون: ان الارض لا تاکل لحوم الانبیاء، صفحہ 391-92 3 مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت) (الشوکانی: نیل الاوطار من احادیث سید الاخیار، ابواب الجمعۃ، باب فضل یوم الجمعۃ وذکر ساعۃ الاجابۃ و فضل الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیہ، رقم الحدیث: 1204 جلد 3 صفحہ 2 26 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (ابن ابی عاصم: الآحاد و المثانی ، رقم الترجمۃ 5 46 اوس بن اوس الثقفی، صفحہ 06 3 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (ابو نعیم: معرفۃ الصحابہ رقم الترجمۃ: 180 اوس بن حذیفۃ الثقفی، رقم الحدیث: 988 جلد 1 صفحہ 283 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (ابن ابی عاصم: فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی یوم الجمعۃ، رقم الحدیث: 3 6 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (البزار: البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند شداد بن اوس رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث: 3485 جلد 8 صفحہ 411 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الطبرانی: المعجم الاوسط، من اسمہ عبد الرحمن، رقم الحدیث: 780 4 جلد 3 صفحہ 9 3 3 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (البیھقی: السنن الصغری، کتاب الصلاۃ، باب فضل الجمعۃ، رقم الحدیث: 09 6 جلد 1 صفحہ 187 مطبوعہ دار الفکر بیروت، لبنان) (العجلونی: کشف الخفاء و مزیل الالباس، حرف الھمزۃ مع الکاف، رقم الحدیث: 01 5 جلد 1 صفحہ 1 15 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان) (ابن خزیمۃ: الصحیح، جماع ابواب فضل الجمعۃ، باب فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الجمعۃ، رقم الحدیث: 3 173 جلد 3 صفحہ 217-218 مطبوعہ مکتبہ شان اسلام قصہ خوانی محلہ جنگی پشاور)

❖❖❖❖❖❖

باب 2: فاكثروا من الصلاة على نبيكم صلى الله عليه وسلم فى هذا اليوم العظيم، وفى غيره فان لك فى ذالك اختصاصا ببركته وخيره، وانت اولى الناس به يوم القيامة واقربهم منه فى دار المقامة

''پس اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس عظمت والے دن میں بالخصوص اور دوسرے دنوں میں بالعموم کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ اس میں تمہارے لیے خاص برکتیں اور بھلائیاں ہیں اور تم قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ ان کے محبوب ہو جاؤ گے اور جنت میں دوسرے لوگوں سے بڑھ کر ان کے قریب ہو جاؤ گے۔''

حدیث نمبر:2

فقد خرج البزار فى "مسنده" عن عبد الله بن مسعود رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

ان اولا كم بى يوم القيامة، اكثر كم على صلاة فى الدنيا۔

صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ: ''پس تخریج کی ہے بزار نے اپنی ''مسند'' میں، حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک قیامت کے دن تم میں سے میرے نزدیک سب سے زیادہ وہ شخص ہوگا، جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجا کرتا ہوگا۔''

(البزار: البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عبد الله بن مسعود رضى الله عنه، رقم الحديث 1447 جلد 4 صفحه 278 رقم الحديث: 1789 جلد 5 صفحه 190 مطبوعه دار الكتب العلميه بيروت، لبنان)

(الترمذى: الجامع الصحيح، ابواب الوتر، باب ما جاء فى فضل الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم، رقم

الحدیث 84 4 صفحہ9 16 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (البخاری: التاریخ الکبیر، باب العین، عبداللہ بن کیسان، جلد5 صفحہ77 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (ابن حبان: الصحیح، کتاب الرقائق، باب ذکر البیان بان اقرب الناس فی القیامة یکون من النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کان اکثر صلاة علیہ فی الدنیا، رقم الحدیث:911 صفحہ0 35 مطبوعہ دار المعرفة، بیروت، لبنان) (ابن ابی شیبة: للصنف، کتاب الفضائل، باب ما اعطی اللہ تعالی محمداً صلی اللہ علیہ وسلم، جلد7 صفحہ2 4 4 مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان) (البغوی: شرح السنة، کتاب الصلاة، باب فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث:87 6 جلد2 صفحہ229 مطبوعہ دار التوفیقیة للتراث قاهرہ) (ابو یعلی: المسند، مسند عبداللہ بن مسعود، رقم الحدیث:008 5 صفحہ917 مطبوعہ دار المعرفة بیروت، لبنان) (البیهقی: شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی صلی اللہ علیہ وسلم واجلاله و توقیرہ، رقم الحدیث:63 15 جلد2 صفحہ212 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الهیثمی: موارد الظمآن الی زوائد ابن حبان، کتاب الادعیة، باب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث89 23 صفحہ94 5 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (المنذری: الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر والدعاء، باب الترغیب فی اکثار الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم... الخ، جلد2 صفحہ27 3 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ) (الاصبهانی: الترغیب والترهیب، باب الترغیب فی الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 88 16 جلد2 صفحہ 26 3 مطبوعہ دار المدائن العلمیہ) (الشاشی: المسند، مسند عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث: 391-92 3 صفحہ8 16 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (البغوی: مصابیح السنة، کتاب الصلاة، باب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و فضلها، رقم الحدیث:28 6 جلد1 صفحہ117 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الشعرانی: البدر المنیر فی غریب احادیث البشیر النذیر، باب حرف الالف، رقم الحدیث: 5 95 صفحہ 123 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (السیوطی: جمع الجوامع، حرف الهمزة، رقم الحدیث:818 5 جلد2 صفحہ 296 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (ابن الاثیر: جامع الاصول فی احادیث الرسول، الباب الثالث: من کتاب الدعاء، الفصل الثالث: فی الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 75 24 جلد4 صفحہ0 35 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (المرجانی: بهجة النفوس، الباب التاسع: فی حکم زیارة النبی و فضلها و کیفیتها، الفصل السادس: ما جاء فی فضل الصلاة والسلام... الخ صفحہ 75 3 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (السبکی: طبقات الشافعیة الکبری، مقدمة المصنف، جلد1 صفحہ 126 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

❖❖❖❖❖

باب 3: ومهما صليت على نبيك، فاكثر عليه من الصلاة فانها وسيلة لنيل النجاد، وذريعة لا نفس الصلات، ولك بكل صلاة صليتها عشر صلوات يصليها جبار الارض والسماوات، مع حط سيئات، ورفع درجات، وصلاة ملائكته الكرام عليك فى ذلك المقام۔

"اور جب بھی تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے تو کثرت کے ساتھ بھیج کیونکہ یہی منزل مقصود پر پہنچنے کا وسیلہ ہے، اور تمام اجر پانے کا ذریعہ ہے، اور تیرے ہر بھیجے ہوئے درود پر تیرے لیے زمین و آسمان کے جبار کی طرف سے دس رحمتیں ہیں جس کے ساتھ دس گناہ معاف اور دس درجے بلند ہوتے ہیں، اور اسی مقام پر تجھ پر اللہ تعالی کے معزز فرشتوں کی طرف سے بھی درود بھیجا جاتا ہے۔"

حدیث نمبر: 3

فقد خرج مسلم فى "صحيحه" عن ابى هريرة رضى الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:

من صلى على صلاة واحدة، صلى الله عليه عشرا۔

صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ: "پس تخریج کی ہے مسلم نے اپنی "صحیح" میں حضرت سیدنا ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، تو اللہ تعالی اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے۔"

(المسلم: الصحیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد التشہد، رقم الحدیث: 912 صفحہ 173 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (المرجانی: بہجۃ النفوس والاسرار فی تاریخ دار ہجرۃ النبی المختار، الباب التاسع: فی حکم زیارۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وفضلہا وکیفیتہا، الفصل السادس: ما جاء فی فضل الصلاۃ والسلام علیہ و ابلاغہ صلاۃ من صلی علیہ صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 375 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت) (ابی داود: السنن، کتاب الصلاۃ، باب فی الاستغفار، رقم الحدیث: 1530 صفحہ 313 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (البخاری: الادب المفرد، باب من ذکر عندہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یصل علیہ، رقم الحدیث 645 صفحہ 167 مطبوعہ المکتبۃ الاثریۃ سانگلہ ھل) (البیہقی: شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی صلی اللہ علیہ وسلم واجلالہ و توقیرہ، رقم الحدیث: 1535 جلد 2 صفحہ 209 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الدارمی: السنن، کتاب الرقائق، باب فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث 2772 جلد 2 صفحہ 408 مطبوعہ قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی) (الترمذی: الجامع الصحیح، کتاب الصلاۃ، باب ما جاء فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث 485 صفحہ 169 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (النسائی: السنن، کتاب الصلاۃ، (کتاب السہو) باب الفضل فی الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث 1297 صفحہ 126 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (ابن حبان: الصحیح، کتاب الرقائق، باب ذکر تفضل اللہ جل وعلا علی المصلی علی صفیۃ صلی اللہ علیہ وسلم واحدۃ بغفرتہ عشر مرار، رقم الحدیث: 906 صفحہ 349 مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، لبنان) (احمد بن حنبل: المسند، مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، رقم الحدیث: 4885 صفحہ 604 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (نووی: الاذکار من کلام سید الابرار، کتاب الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باب الصلاۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 293 صفحہ 98 مطبوعہ المکتبۃ العصریۃ صیدا بیروت، لبنان)

حدیث نمبر: 4

وخرج البزار فی "مسندہ" عن عمیر الانصاری وکان بدریا قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

من صلی علی من امتی صلاۃ مخلصا من قلبہ صلی اللہ علیہ بہا عشر صلوات۔

صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: ''اور تخریج کی ہے بزار نے اپنی ''مسند'' میں حضرت سیدنا عمیر انصاری رضی اللہ عنہ جو کہ بدری اصحاب میں سے تھے روایت ہے کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میری امت میں سے جو بھی خلوص دل کے ساتھ مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالی اس کے بدلہ میں دس مرتبہ اس پر درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے۔''

(النسائی: کتاب عمل الیوم واللیلة، باب ثواب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 64 صفحہ 93 مطبوعہ موسسة الکتب الثقافیة بیروت) (المنذری: الترغیب والترھیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر و الدعا، باب الترغیب فی اکثار الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والترھیب من ترکھا، جلد 2 صفحہ 324 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ) (الطبرانی: المعجم الکبیر، رقم الحدیث 513 جلد 22 صفحہ 195-196 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت) یہی روایت ''مخلصا من قلبه'' کی بجائے ''صدقا من نفسه'' الفاظ سے ان کتب میں موجود ہے۔ (الاصبھانی: کتاب الترغیب والترھیب، باب الترغیب فی الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 1673 جلد 2 صفحہ 320 مطبوعہ دارالمدائن العلمیہ) (ابن القانع: معجم الصحابة، باب العین، عمیر النمیری، رقم الحدیث: 1157 جلد 2 صفحہ 100 مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (السخاوی: القول البدیع فی الصلاة علی الحبیب الشفیع صلی اللہ علیہ وسلم، الباب الثانی فی ثواب الصلاة علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 115 مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت)

حدیث نمبر: 5

وخرج ابن منجر فی "فوائده" عن عبداللہ بن عامر بن ربیعة، عن ابیه، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم:

ما من مسلم یصلی علی صلاة الا صلت علیه الملائکة ما صلی علی فلیقل عند ذلك او لیکثر۔

صلی اللہ علیه وسلم۔

ترجمہ: ''اور تخریج کی ہے ابن منجر نے اپنی ''فوائد'' میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو مسلمان بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتے اس پر اسی طرح درود (بصورت دعا) بھیجتے ہیں جس طرح اس نے مجھ پر درود بھیجا، پس اب مسلمان کو اختیار ہے کہ وہ مجھ پر اس سے کم درود بھیجے یا زیادہ۔''

(عبد بن حمید: المسند، حدیث عامر بن ربیعة رضی اللہ عنه، رقم الحدیث: 317 صفحہ 130 مطبوعہ عالم

الکتب بیروت، لبنان) (ابن ماجه: السنن، ابواب اقامة الصلوات والسنة فیها باب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیه وسلم، رقم الحدیث 907 صفحه 158 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (الجهضمی: فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیه وسلم، رقم الحدیث 6 صفحه 25 مطبوعه المکتب الاسلامی بیروت) (ضیاء المقدسی: الاحادیث المختاره، رقم الحدیث 216-218 جلد 8 صفحه 190 مطبوعه مکتبة النهضة الحدیثیة، مکة مکرمة) (ابن جعد: المسند، شعبة عن عاصم بن عبیداللہ، رقم الحدیث 9 86 صفحه 136 مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، لبنان) (الطیالسی: المسند، حدیث عامر بن ربیعة البدری، رقم الحدیث 8 123 جلد 1 صفحه 39 6 مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، لبنان) (الطبرانی: المعجم الاوسط، من اسمه احمد، رقم الحدیث 4 5 16 جلد 1 صفحه 0 45 مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، لبنان) (احمد بن حنبل: المسند، حدیث عامر بن ربیعة، رقم الحدیث 80 6 15، 79 6 15 صفحه 8 105 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع الریاض) (ابن ابی شیبة: المصنف، کتاب صلاة التطوع والامامة، باب فی ثواب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیه وسلم، جلد 2 صفحه 98 3 مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان) (المنذری: الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر والدعاء، باب الترغیب فی اکثار الصلاة علی النبی، جلد 2 صفحه 27 3 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه) (ابو یعلی: المسند، حدیث عامر بن ربیعة، رقم الحدیث 7192 صفحه 07 13 مطبوعه دار المعرفة بیروت، لبنان) (ابن المبارک: کتاب الزهد، باب فضل ذکر اللہ، رقم الحدیث 1026 صفحه 03 3 مطبوعه المکتبة المعروفیة پشاور) (البیهقی: شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی صلی اللہ علیه وسلم واجلاله وتوقیره، رقم الحدیث 7 5 15 جلد 2 صفحه 211 مطبوعه دار الکتب العلمیه، بیروت) (البغوی: معالم التنزیل المعروف به تفسیر بغوی، (زیر آیت سورة الاحزاب 6 5) جلد 3 صفحه 8 4 6 مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، لبنان) (ابن کثیر: تفسیر القرآن العظیم، المعروف به تفسیر ابن کثیر، رقم الحدیث 82 4 5 جلد 5 صفحه 214 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه)

حدیث نمبر: 6

وخرج ابن ابی شیبة فی "المسند" عن انس بن مالک رضی اللہ عنه. قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم:

من صلی علی صلاة واحدة، صلی اللہ علیه عشر صلوات، وحط عنه عشر سیئات.

صلی اللہ علیه وسلم.

ترجمہ: "اور تخریج کی ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی "مسند" میں، حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے، اور اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔"

(الهیثمی: موارد الظمان، كتاب الادعية، باب الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث: 90 23 صفحه94 5 مطبوعه دار الكتب العلميه بيروت، لبنان) (ابن ابي شيبة: المصنف، كتاب الفضائل، باب ما اعطى الله تعالى محمداً صلى الله عليه وسلم، جلد7 صفحه2 4 4 مطبوعه مكتبه امداديه ملتان) (المنذرى: الترغيب والترهيب، كتاب الذكر والدعا، باب الترغيب فى اكثار الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، جلد 2 صفحه 23 3 مطبوعه مكتبه رشيديه سركى روڈ كوئٹه) (الحاكم: المستدرك، كتاب الدعا والتسبيح والتكبير، رقم الحديث: 6 205 جلد 2 صفحه 106 مطبوعه قديمى كتب خانه كراچى) (البخارى: الادب المفرد، باب الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث:43 6 صفحه7 16 مطبوعه المكتبة الاثريه سانگله هل) (احمد بن حنل: المسند، مسند المكثرين من الصحابة، رقم الحديث:11998 صفحه 805 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزيع الرياض)

حدیث نمبر: 7

وخرج النسائي، عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

من صلى على صلاة واحدة. صلى الله عليه عشر صلوات وحطت عنه عشر خطيئات ورفعت له عشر درجات.

صلى الله عليه وسلم.

"اور تخریج کی ہے نسائی نے، حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور اس کے لیے دس درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں۔"

(النسائى: السنن، كتاب الصلاة (كتاب السهو)، باب الفضل فى الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث: 1298 صفحه1 26 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزيع الرياض) (النسائى: كتاب عمل اليوم والليلة، باب ثواب الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث:2 6 صفحه8 3 مطبوعه موسسة

الکتب الثقافیة، بیروت) (المنذری: الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر والدعا، باب الترغیب فی اکثار الصلاة علی النبی جلد 2 صفحہ 323 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ) (السیوطی: الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر، باب حرف المیم، رقم الحدیث: 8810 صفحہ 386 مطبوعہ دار التوفیقیة للتراث قاھرة) (التبریزی: مشکوۃ المصابیح، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، الفصل الثانی، صفحہ 86 مطبوعہ اصح المطابع وکارخانہ تجارت کتب بالمقابل آرام باغ کراچی)

حدیث نمبر: 8

وخرج ابن ابی شیبة فی "المسند" عن ابی بردة بن نیار، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

ما صلی علی عبد من امتی صلاة، صادقا بہا من قبل نفسہ، الا صلی اللہ علیہ بہا عشر صلوات، و کتب لہ بہا عشر حسنات، ورفع لہ بہا عشر درجات ومحا عنہ بہا عشر سیئات۔

صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: ''اور تخریج کی ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی ''مسند'' میں حضرت سیدنا ابی بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میری امت میں سے جو بندہ صدق جان سے مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، اللہ تعالی اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے، اور اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں، اور اس کے دس درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں، اور اس کے دس گناہ بھی معاف کر دیئے جاتے ہیں۔''

(الھندی: کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، کتاب الاذکار، الباب السادس: فی الصلاة علیہ و علی آلہ علیہ الصلاة والسلام، رقم الحدیث 2220 جلد 1 صفحہ 425 مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاھور) (ابن ابی عاصم: فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ذکر قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی صلاة صلی اللہ علیہ عشرا، رقم الحدیث 24 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت) (النسائی: کتاب عمل الیوم واللیلة، باب ثواب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: 65 صفحہ 93 مطبوعہ موسسة الکتب الثقافیة، بیروت) (السیوطی: جمع الجوامع، حرف المیم، رقم الحدیث: 19213 جلد 6 صفحہ 289 مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (المنذری: الترغیب والترھیب،

کتاب الذکر والدعاء، باب الترغیب فی اکثار الصلاۃ علی النبی، جلد2 صفحہ 243 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ) (الھیثمی: مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، کتاب الادعیۃ، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الدعا وغیرہ، رقم الحدیث: 17290 جلد10 صفحہ 182 مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الھیثمی: کشف الاستار عن زوائد البزار، کتاب الاذکار، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث:3160 جلد4 صفحہ 46 مطبوعہ الرسالۃ العالمیۃ بیروت) (الطبرانی: المعجم الکبیر، جلد2 صفحہ 5 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)

حدیث نمبر:9

وخرج ابن ابی شیبۃ فی "المسند" عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ:

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج یتبرز، فلم یجد رجلا یتبعہ، ففزع عمر رضی اللہ عنہ، فاتبعہ بفخارۃ و مطھرۃ، فوجدہ ساجدا فی مشربۃ، فتنحی، فجلس وراءہ حتی رفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راسہ، فقال:

احسنت یا عمر، حیث وجدتنی ساجدا، فتنحیت عنی، ان جبریل علیہ السلام اتانی فقال:

من صلی علیک واحدۃ، صلی اللہ علیہ عشرا، ورفعہ عشر درجات۔

صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: ''اور تخریج کی ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی ''مسند'' میں، حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے جانے لگے، دیکھا تو ساتھ جانے کے لیے کوئی آدمی بھی موجود نہ تھا، پس حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ خوفزدہ ہو گئے تو آپ جلدی جلدی پانی والا برتن لے کر پیچھے چل پڑے، پس آپ رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گھاس والی زمین پر سجدہ کی حالت میں پایا، پس آپ رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ کر کچھ فاصلے پر بیٹھ گئے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سجدے سے اپنا سر اقدس اٹھایا اور ارشاد فرمایا:

''اے عمر! تم نے جب میں سجدے میں تھا تو پیچھے ہٹ کر بہت اچھا کیا، بے شک جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے انہوں نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جو شخص بھی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے، اوراس کے دس درجات بلند فرما دیتا ہے۔''

(الجهضمی: فضل الصلاة علی النبی صلی الله علیه وسلم، رقم الحدیث: 4 صفحه 23-24 مطبوعه المکتب الاسلامی بیروت) (ابن قیم: جلاء الافهام فی الصلاة والسلام علی خیر الانام، الباب الاول: ما جاء فی الصلاة علی رسول الله صلی الله علیه وسلم، رقم الحدیث 32-7 3 مطبوعه المکتبة العصریة صیدا بیروت، لبنان) (الطبرانی: المعجم الاوسط، بقیة ذکر من اسمه محمد، رقم الحدیث02 6 6 جلد 5 صفحه8 6 مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت، لبنان) (الطبرانی: المعجم الصغیر، باب المیم من اسمه: محمد، رقم الحدیث 1016 صفحه89 4 مطبوعه مکتبة المعارف للنشر والتوزیع الریاض) (البخاری: الادب المفرد، باب الصلاة علی النبی صلی الله علیه وسلم، رقم الحدیث:42 6 صفحه7 16 مطبوعه المکتبة الاثریه سانگله هل) (الهیثمی: مجمع الزوائد و منبع الفوائد، کتاب الصلاة، باب سجود الشکر، رقم الحدیث 717 3 جلد 2 صفحه80 4 مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت، لبنان) (ابن کثیر: تفسیر القرآن العظیم المعروف به تفسیر ابن کثیر، رقم الحدیث 485 5 جلد5 صفحه 215 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه) (الهندی: کنز العمال فی سنن الا قوال و الافعال، کتاب الاذکار، باب فی الصلاة علیه صلی الله علیه وسلم، رقم الحدیث980 3، 997 3 جلد2 صفحه 117-121 مطبوعه مکتبه رحمانیه اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاهور)

حدیث نمبر:10

وخرج عبد الرزاق فی "مصنفه" عن انس عن ابی طلحة قالا: دخلت علی النبی صلی الله علیه وسلم یوما فوجدته مسرورا، فقلت: یا رسول الله! ما ادری ما رایتك احسن بشرا، او اطیب نفسا من الیوم؟ فقال:

وما یمنعنی و جبریل علیه السلام خرج من عندی الساعة، فبشرنی:

ان لکل عبد یصلی علی صلاة، تکتب له بها عشر حسنات و یمحی

عنہ عشر سیئات و ترفع لہ عشر درجات و تعرض علی کما قالھا، ویرد علیہ بمثل مادعا۔

صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: ''اور عبدالرزاق نے تخریج کی ہے اپنی ''مصنف'' میں حضرت سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیدنا ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک دن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت خوش پایا پس میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے نہیں یاد کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس دن سے پہلے اتنا خوش دیکھا ہو جتنا کہ آج (اس کی کیا وجہ ہے؟) تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آج مجھے خوش ہونے سے کون سی چیز روک سکتی ہے حالانکہ جبریل علیہ السلام ابھی ابھی میرے پاس سے گئے ہیں، پس انہوں نے مجھے خوشخبری دی ہے ہر اس بندہ مومن کے لیے جو مجھ پر درود بھیجتا ہے، اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں، اور اس کی دس خطائیں معاف کر دی جاتی ہیں، اور اس کے دس درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں، اور اس کا درود اسی طرح مجھے پیش کیا جاتا ہے جس طرح کہ وہ مجھ پر بھیجتا ہے، اور جس طرح وہ دعا کرتا ہے اس کو اس کا جواب دیا جاتا ہے۔''

(عبدالرزاق، المصنف، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث 118 3جلد 2 صفحہ0 14مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، لبنان) (الھندی: کنز العمال فی سنن الاقوال و الافعال، کتاب الاذکار، الباب السادس: فی الصلاۃ علیہ و علی آلہ علیہ الصلاۃ والسلام، رقم الحدیث 2222 جلد1 صفحہ4 25، کتاب الاذکار، باب فی الصلاۃ علیہ صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث 4004 جلد2 صفحہ122 مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاھور۔ (عن ابی طلحۃ)) (عن انس بلفظ: "من صلی علی صلاۃ واحدۃ، صلی اللہ علیہ عشر صلوات، و حطت عنہ عشر خطیئات، و رفعت لہ عشر درجات۔") (النسائی: السنن، کتاب الصلاۃ (کتاب السھو)، باب الفضل فی الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث1298 صفحہ1 26 مطبوعہ دار السلام للنشر و التوزیع الریاض) (النسائی: کتاب

عمل الیوم واللیلة، باب ثواب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیه وسلم، رقم الحدیث:2 6 صفحه8 3 مطبوعه موسسة الکتب الثقافیة، بیروت) (المنذری: الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف، کتاب الذکر والدعا، باب الترغیب فی اکثار الصلاة علی النبی... الخ جلد2 صفحه 23 3 مطبوعه مکتبه رشیدیه سرکی روڈ کوئٹه) (السیوطی: الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر، باب حرف المیم، رقم الحدیث 8810 صفحه 38 6 مطبوعه دار التوفیقیة للتراث قاهره)

حدیث نمبر:11

و خرج ابن ابی شیبة فی "مسنده" عن عبدالرحمن بن عوف رضی الله عنه، قال: کان لا یفارق فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم اربعة، او خمسة من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم لما ینوبه من حوائجه باللیل و النهار، قال: فجئته و قد خرج، فاتبعته، فدخل حائطا من حیطان الاسواق یصلی، فسجد فاطال، فبکیت، و قلت: اری رسول الله صلی الله علیه وسلم قد قبض الله روحه، فرفع راسه، فدعانی، قال لی ما شانك؟ قال: قلت: یا رسول الله! اطلت السجود، فقلت قد قبض الله روح رسوله لا اراه ابدا، فقال: سجدت شکرا لربی فیما اولانی فی امتی، من صلی علی صلاة من امتی، کتبت عشر حسنات، ومحی عنه عشر سیئات.

صلی الله علیه وسلم۔

"اور تخریج کی ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی "مسند" میں، حضرت سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے چار یا پانچ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضروریات کی تکمیل کے لیے دن رات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر رہتے تھے، راوی (حضرت سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں کہ میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھوڑی دیر پہلے گھر سے نکل چکے

